A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

9

Roll No. ______ Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______ Sig. of Invigilator: ______

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ا۔** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے نصابی کتاب کی روشنی میں درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ایک صحبت میں مرزا غالب کس کی تعریف کر رہے تھے؟

الف۔ ذوق کی ب۔ مومن کی ج۔ بہادر شاہ ظفر کی د۔ میر تقی میر کی

(ii) شاملِ نصاب سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو " صنفِ ادب کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ ڈرامہ ب۔ مضمون ج۔ افسانہ د۔ ناول

(iii) میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟ (بحوالہ سبق۔ آرام و سکون)

الف۔ صبح آٹھ بجے ب۔ شام سات بجے ج۔ صبح دس بجے د۔ صبح نو بجے

(iv) " آبِ حیات " کس کی کتاب ہے؟

الف۔ مولانا محمد حسین آزاد ب۔ ڈپٹی نذیر احمد ج۔ منشی پریم چند د۔ مولانا الطاف حسین حالی

(v) سبق " امتحان " کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ کرنل محمد خان ب۔ مرزا فرحت اللہ بیگ ج۔ میرزا ادیب د۔ سید امتیاز علی تاج

(vi) کون سا بندہ حمد سرا ہے؟ (بحوالہ نظم حمد)

الف۔ عبادت کرنے والا ب۔ عقل مند ج۔ نافرمان د۔ مسلمان

(vii) اقبال کے کس مجموعے میں اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری موجود ہے؟

الف۔ ضربِ کلیم ب۔ ارمغانِ حجاز ج۔ بالِ جبریل د۔ جاوید نامہ

(viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

الف۔ بتوں سے باتوں کی ب۔ بتوں کو پوجنے کی ج۔ بتوں کو توڑنے کی د۔ بتوں کو دیکھنے کی

(ix) شاملِ نصاب غزل میں میر تقی میر اپنی ہستی کو کس چیز سے تشبیہ دیتے ہیں؟

الف۔ گلاب ب۔ حباب ج۔ سراب د۔ کباب

(x) " فصلِ خزاں " قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ مرکبِ اضافی ب۔ مرکبِ توصیفی ج۔ مرکبِ ناقص د۔ مرکبِ تام

(xi) علمِ بیان کی اصطلاح میں کسی چیز کے معنی عاریتاً یا مستعار لے کر دوسری چیز کے لیے استعمال کرنا ______ کہلاتا ہے۔

الف۔ تشبیہ ب۔ استعارہ ج۔ کنایہ د۔ مجازِ مرسل

(xii) شعر کے آخر میں آنے والے لفظ یا الفاظ کے مجموعے کو ______ کہتے ہیں۔

الف۔ مطلع ب۔ مقطع ج۔ ردیف د۔ قافیہ

(xiii) " مشتاق " اور " بیزار " معنوی اعتبار سے ایک دوسرے کے ______ ہیں۔

الف۔ مترادف ب۔ متضاد ج۔ ذومعنی د۔ مرکب

(xiv) ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہو ______ کہلاتا ہے۔

الف۔ جملہ اسمیہ ب۔ جملہ فعلیہ ج۔ جملہ تام د۔ مفعول

(xv) ڈپٹی نذیر احمد نے کس انداز کے ناول لکھے؟

الف۔ تاریخی ب۔ اصلاحی ج۔ مزاحیہ د۔ رومانوی

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

Result.pk

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

وقت: 2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 34)

سوال نمبر۲: الف۔ نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) ہجرت نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟

(ii) مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟

(iii) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

(iv) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟

(v) حضرت بی کون تھیں اور انھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

(vi) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(vii) ماسٹر جی چھوٹے چودھری کے گاؤں کیوں گئے تھے؟

(viii) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(ix) بھینس کس لحاظ سے انسان سے زیادہ خوش نصیب ہے؟

(x) میرؔ نے ''نیم باز آنکھوں کی مستی'' کو کیا قرار دیا ہے؟

(xi) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے؟ (بحوالہ شامل نصاب نظم۔ پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ)

(xii) ''قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(xiii) لالے کے بے داغ اور گل کے بے خار ہونے سے کیا مراد ہے؟

(xiv) درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟ (بحوالہ غزل۔ مرزا غالب)

ب۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء حل کیجیے: (5x2=10)

(i) تشبیہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(ii) مطلع سے کیا مراد ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

(iii) مندرجہ ذیل محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں:

سبز باغ دکھانا ، زخم پر نمک چھڑکنا

(iv) ''سعید گھر میں موجود ہے'' کی ترکیب نحوی کیجیے۔

(v) روزمرہ کے حوالے سے درجہ ذیل جملے کی اصلاح کریں۔

''آج ہم نے میچ کھیلنا ہے''

(vi) متضاد لکھیں:

اصلی ، روشن

Result.pk

## حصّہ سوم (کُل نمبر 26)

سوال نمبر۳۔ سبق، مُصنّف اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

الف۔ کئی برس سے اس محلے میں رہتے ہیں، مگر کانوں کان خبر نہیں۔ محلے میں کوڑیوں لڑکے بھرے پڑے ہیں لیکن ان کو کسی سے کچھ واسطہ نہیں۔ آپس میں اوپر تلے کے چاروں بھائی ہیں۔ نہ کبھی لڑتے، نہ کبھی جھگڑتے، نہ گالی بکتے، نہ قسم کھاتے، نہ جھوٹ بولتے۔ نہ کسی کو چھیڑتے، نہ کسی پر آوازہ کستے۔ ہمارے ہی مدرسے میں پڑھتے ہیں، وہاں بھی ان کا یہی حال ہے۔ کبھی کسی نے ان کی جھوٹی شکایت بھی تو نہیں کی۔

ب۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے۔ اور جو جانتے تھے، انھیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک ُمفلس، قلاش اور گمنام مصوّر ہوں۔ میں نے بے شمار تصویریں بنائی تھیں مگر وہ تمام کی تمام کباڑیوں یا نیلام گھروں میں پہنچ کر کوڑیوں کے بھاؤ بک چکی تھیں۔ زندگی اسی حالت میں گزر رہی تھی کہ اتفاقاً تصویروں کی ایک نمائش گاہ میں میری آپ سے ملاقات ہوگئی۔

سوال نمبر۴۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پر محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

ب۔
سبزوں کی لہلہاہٹ ، کچھ ابر کی سیاہی
اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی
سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

سوال نمبر۵۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف۔
برہمن کو باتوں کی حسرت رہی
خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا
مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

ب۔
نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

Result.pk

سوال نمبر۶۔ استاد اور شاگرد کے درمیان ” تحریک پاکستان “ کے موضوع پر ایک مکالمہ لکھیں۔ (5)

(یا)

سکول میں منعقدہ ” جلسہ تقسیمِ انعامات “ کی روداد لکھیں۔

سوال نمبر۷۔ اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیں جس میں اُسے بُری صحبت سے اجتناب اور تعلیم کی طرف توجہ دینے کی تلقین کریں۔ (5)

------1SA 1703 ----